# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی و علومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت طیبہ (کوڈ 8669)**

سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

**کل نمبر: 100**     **کامیابی کے نمبر: 50**

## امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ: 1-4)

سوال نمبر 1۔ حضور اکرم ﷺ کی تشریف آوری سے قبل جزیرہ عرب کے سیاسی، سماجی اور مذہبی حالات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حضور اکرم ﷺ کے خاندان، جائے پیدائش اور پیدائش سے قبل کے مشہور تاریخی واقعات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضور اکرم ﷺ کے ایامِ زندگی، بچپن کی یتیمی، دادا اور چچا کی کفالت پر مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ بعثتِ نبوی ﷺ کے اہم ترین واقعے کی تفصیلات اور غارِ حرا میں نزولِ وحی کے احوال و کیفیات قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلامی دعوت کے تدریجی طریقہ کار، حکمت اور موعظہ حسنہ کے پیغمبرانہ اسلوب پر مفصل بحث کریں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 5-9)

سوال نمبر 1- ہجرتِ مدینہ کے کوئی سے تین اہم نتائج اور تحویلِ قبلہ کا مفہوم مختصراً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ منافقت سے کیا مراد ہے؟ اس کے دنیاوی اور اخروی نقصانات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضور اکرم ﷺ نے دینِ اسلام کی عالمی دعوت کا آغاز کیسے کیا اور کن مشہور بادشاہوں کو خطوط لکھے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ فتحِ مکہ کے بنیادی اسباب کیا تھے اور اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے دشمنوں کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ (20)

سوال نمبر 5۔ خطبہ حجۃ الوداع کے ایسے چار نکات تحریر کریں جن کی بنا پر اسے انسانیت کا عالمی منشور کہا جاتا ہے۔ (20)